(9) (1)

محترم جناب سیکریٹری الیکشن کمیشن صاحب

اسلام آباد پاکستان

جناب اعلیٰ۔

گزارش ہے کہ میں مسمی عثمان غنی ولد محمد ہارون سکنہ 68F A بلاک چار میٹروول سائٹ ضلع غربی کا رہائشی ہوں میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 42401-1670313-3 ہے اور میں کئی دہائیوں سے اس علاقے کا رہائشی ہوں اور بلدیاتی امیدوار بھی ہوں،
الیکشن کمیشن نے ضلع غربی کی حلقہ بندیوں کی جو ابتدائی اشاعت کی ہے اس میں بہت زیادہ تضادات اور غلطیاں ہیں، جو کسی بھی لحاظ سے نہ اصول وضوابط کے مطابق ہے (وہ اصول وضوابط جو حلقہ بندیوں کے لیے بنائے گئے ہیں) اور نہ ہی مفاد عامہ میں ہے۔

اعتراضات۔

1-ابتدائی حلقہ بندیاں زمینی حقائق کے بالکل برعکس ہیں۔

2-حلقہ بندیوں میں (DE.LIMITATION) توانین کو بھی نظر انداز کیا گیا ہے،

3-حلقہ بندیاں عوام کی منشاء اور مفاد عامہ کے خلاف ہیں

4-حلقہ بندیاں سپریم کورٹ آف پاکستان کے وضع کردہ ہدایات واصولوں کے منافی ہیں

5-حلقہ بندیاں جو کہ برفی کی مانند ہونی چاہیے جلیبی کی طرز پر بنائی گئی ہیں

6-نئی اشاعت شدہ حلقہ بندیوں میں ووٹر کے لیے آسانی پیدا کرنے کے برعکس پیچیدگیاں پیدا کی گئی ہیں۔

تجاویز

قومی اسمبلی کا حلقہ نمبر دوسو پچاس (NA.250) جو کہ سائٹ سب ڈویژن (سوائے چارج نمبر ایک تین اور چار کے)، اورنگی سب ڈویژن کی مردم شماری چارج نمبر ایک جو کہ علاقہ اسلامیہ کالونی، چارج نمبر دو محمد پور، چارج نمبر تین قصبہ کالونی، چارج نمبر چار پیر آباد، چارج نمبر پانچ شیر خان آباد، چارج نمبر چھ، فرنٹیئر کالونی بنارس، چارج نمبر نو اورنگی ٹاؤن سب ڈویژن، چارج نمبر دس بالمقابل میٹرو سینماء، چارج نمبر گیارہ بخاری کالونی، چارج نمبر بارہ بخاری و ایم پی آر کالونی پر مشتمل ہے اس حلقے میں سے سائٹ سب ڈویژن کے چارج نمبر ایک، تین اور پانچ (کل آبادی 226112) کے علاقے دور دراز علاقے نکال دیئے جائیں کیوں کہ (چارج نمبر ایک، تین اور پانچ پر مشتمل علاقے) باقی ماندہ حلقے سے کافی فاصلے پر واقع ہیں اور درمیان میں بہت وسیع و عریض صنعتی علاقہ واقع ہے اور اسی طرح اورنگی ٹاؤن سب ڈویژن کا چارج نمبر نو (کل آبادی 41621) نکال کر اسے متصل قومی اسمبلی کے حلقہ نمبر دوسو اکیاون (NA-251) میں شامل کیا جائے اور ان کی جگہ قریب تر مومن آباد سب ڈویژن کا چارج نمبر ایک (کل آبادی 77388) جو کہ قومی اسمبلی کے حلقہ نمبر دوسو انچاس (NA-249) اور اسی سب ڈویژن کا چارج نمبر دو، تین، چار، اور چھ (کل آبادی 140368) جو کہ قومی اسمبلی کے حلقہ نمبر دوسو اکیاون (NA-251) میں شامل ہے سے لیکر حلقہ نمبر دوسو پچاس (NA-250) میں شامل کیا جائے۔

اسی طرح قومی اسمبلی کا حلقہ دوسو اکیاون (NA-251) سے مومن آباد سب ڈویژن کے چارج نمبر دو، تین، چار، اور چھ نکال کر اس میں بلدیہ سب ڈویژن کے چارج نمبر سترہ اور اورنگی ٹاؤن سب ڈویژن کا چارج نمبر نو شامل کیا جائے۔

اور قومی اسمبلی کے حلقہ نمبر دوسو انچاس (NA-249) میں سے مردم شماری کے بلدیہ ٹاؤن سب ڈویژن کے چارج نمبر سترہ اور مومن آباد سب ڈویژن کے چارج نمبر ایک کو نکال کر اس کی جگہ سائٹ سب ڈویژن کا چارج نمبر ایک، تین اور چار پر مشتمل علاقے شامل کیے جائیں۔

امید کرتا ہوں کہ زمینی حقائق، عوام کو درپیش مشکلات اور ووٹرز کی اپنے نمائندے تک آسانی اور حلقے کی عوام کی قدرتی رابطوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میری استدعا پر غور کیا جائے گا۔

شکریہ

فقط

عثمان غنی

ولد محمد ہارون سکنہ 68F A بلاک چار میٹروول سائٹ ضلع غربی

کراچی